PAPER CODE NUMBER:8025

2015 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II (کلاس بارھویں)

اردو (لازمی) پرچہ - دوسرا

وقت = 20 منٹ

گروپ - پہلا

حصہ معروضی

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پرسوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) '' اکبری کی حماقتیں '' _____ کی تحریر ہے۔ (A) مرزا ادیب (B) مولوی عبدالحق (C) مولوی نذیر احمد (D) حالی

(2) قرطبہ کے قاضی کا نام _____ تھا۔ (A) یحییٰ بن ہشام (B) یحییٰ بن منصور (C) ابن منصور (D) منصور بن یحییٰ

(3) سبق '' ایوب عباسی '' _____ کتاب سے لیا گیا ہے۔ (A) مردم دیدہ (B) گنج ہائے گراں مایہ (C) حیاتِ جاوید (D) چند ہم عصر

(4) '' اسبابِ بغاوتِ ہند '' _____ کی تصنیف ہے۔ (A) سرسید احمد خاں (B) نذیر احمد (C) شبلی (D) حالی

(5) سبق '' دستک '' کا تعلق _____ کی صنف سے ہے۔ (A) ڈراما (B) افسانہ (C) ناول (D) داستان

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(6) اس کا مال اسباب، جاگیر، گھر بار سب بک _____ (A) گئی (B) گیا (C) گئیں (D) گئے

(7) محنت ہی ہے _____ آدمی کو آگے لے جاتی ہے۔ (A) اور (B) تو (C) جو (D) کہ

(8) سبھی آئے _____ وہ نہ آیا۔ (A) مگر (B) البتہ (C) اگرچہ (D) بلکہ

(9) اخبار چھپ _____ ہے۔ (A) گیا (B) گئی (C) گئے (D) گئیں

(10) یہ گھوڑا گاڑی کس _____ ہے۔ (A) کا (B) کی (C) کے (D) کیں

رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(11) یہ سچ ہے _____ لالچ بری بلا ہے۔ (A) : (B) :- (C) ؟ (D) ۔

(12) ورزش کے فوائد درج ذیل ہیں کے بعد علامت _____ استعمال ہوگی۔ (A) ، (B) :- (C) : (D) ؛

(13) وقفہ کی تعریف ہے۔ (A) مختصر ٹھہراؤ (B) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (C) مکمل ٹھہراؤ (D) تفصیل بیان کرنا

(14) عبارت میں سب سے کم ٹھہراؤ ظاہر کرنے کی علامت ہے۔ (A) سکتہ (B) وقفہ (C) رابطہ (D) سوالیہ

(15) جملے کے اختتام پر _____ کی علامت لگائی جاتی ہے۔ (A) سکتہ (B) وقفہ (C) رابطہ (D) ختمہ

امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیش نظر درست جواب منتخب کیجیے۔

(16) دینا: (A) اس نے مجھے قلم دیا۔ (B) اس نے امتحان دیا۔ (C) بچے نے کھلونا توڑ دیا۔ (D) مجھے پانی دو۔

(17) رکھنا: (A) قلم کہاں رکھا ہے؟ (B) میز پر کتاب رکھی ہے۔ (C) تم میری باتیں یاد رکھنا۔ (D) اس نے زبردستی مجھے بٹھا رکھا ہے۔

(18) سکنا: (A) سدرہ عید کا چاند دیکھ سکتی ہے۔ (B) وہ سیکھ لیتا ہے۔ (C) اُس نے سب کچھ سیکھا۔ (D) تم انگریزی سیکھتے تھے۔

(19) آنا: (A) وہ کالج آیا۔ (B) وہ کتابیں لایا ہے۔ (C) کتاب دے آو۔ (D) سکول سے جلدی آنا۔

(20) ڈالنا: (A) اس نے سانپ مار ڈالا۔ (B) گلاس میں پانی ڈالو۔ (C) اس نے کام کا ڈول ڈالا۔ (D) گلے میں ہار ڈالو۔